پس پہلے ہی سے یہ ذہن لے کر چلیے کہ ہم اسلام کی بہتری ملک کے تحفظ اور عوام کو ظلم و استحصال سے بچانے اُٹھے ہیں۔ اس کام کے لیے اگر کچھ اور طاقتیں بھی موجود ہوں تو ہم ان سے تعاون کریں گے۔

---

اتحاد کے لیے غور و فکر آپ نے کس وقت شروع کیا ہے جب کہ ایم، آر، ڈی کی تحریک تباہ کن تخریبی کارروائیوں کا طوفان ملک کے ایک حصے میں اٹھا چکی ہے اور کوشاں ہے کہ دوسرے حصوں میں بھی ان کے ہم خیال حضرات ایسا ہی تخریبی طوفان اٹھا کر ملک کو نہ صرف اندرونی طور پر تباہ کر دیں بلکہ روس اور بھارت کے لیے پاکستان کو "سبق سکھانے" ہزار سالہ تاریخ کا بدلہ لینے کے لیے موقع پیدا کر دیں۔

اگر یہ اتحاد ایم آر ڈی کے قیام سے پہلے وجود میں آیا ہوتا تو شاید ایم آر ڈی وہ آتشیں کھیل کھیل ہی نہ سکتی جو آج سندھ میں کھیلا جا رہا ہے۔ یہ نہیں تو کم سے کم سیاست دانوں میں اتنی بصیرت ضرور ہونی چاہیے تھی کہ ایم آر ڈی کے جھنڈے تلے جو عناصر جمع ہو رہے ہیں، ان کے ہاتھوں کیا کچھ ہو سکتا ہے۔ اور ایم، آر، ڈی کے قیام کے فوراً بعد اپنی قوتوں کو مجتمع کر کے بہت سے اشخاص اور گروہوں کو اُدھر جانے سے روک سکتے ہیں۔ اور عوام کو بے یقینی اور انتشار سے بچا سکتے تھے۔ آج عوام کی بہت بڑی تعداد عجیب گوگو میں ہے۔ وہ تخریبی ہنگاموں کو ناپسند کرتی ہے مگر اسے کوئی مضبوط جوابی پلیٹ فارم نظر نہیں آتا کہ جس کے گرد وہ مجتمع ہو سکے۔ وہ ایم، آر، ڈی کی حرکات کو بھی نفرت سے دیکھتی ہے اور حکومت کی طرف سے تخریبی عناصر کے متعلق اُس پالیسی سے بھی پریشان ہے جو اگر درست طریق سے کام کرتی تو حالیہ ہنگاموں سے بہت قبل، ہر مقام کا ایک ایک خطرناک فرد اس کی فہرستوں میں درج ہوتا۔ تخریبی کارروائیوں کے جو منصوبے بنتے رہے ہیں اُن کی اطلاع وقوعوں سے پہلے مرکزی ایوانِ اقتدار تک پہنچ جاتی۔ نیز میں قرطاس ابیض کے مطابق خیانت کار اکابر کا محاسبہ پہلے ہی کر چکی ہوتی، نیز اس وقت مخالفین اسلام و پاکستان کی ایک بڑی طاقت کے زہریلے درخت

توڑے جا سکتے تھے۔

مگر حکومت جو کچھ بھی کرتی رہی ہے اور کر رہی ہے اس سے قطع نظر اسلام اور پاکستان سے رشتۂ وفا رکھنے والوں کا فرض اپنی جگہ اہمیت رکھتا ہے۔

آج ایک مخالف الزام لگا سکتا ہے کہ ایم آر ڈی کی تخریبی تحریک کو دیکھ کر کچھ اچھے لوگوں میں یہ خیال پیدا ہوا ہے کہ وہ بھی متحد ہو جائیں تو ایک قوت بن سکتے ہیں اور اس قوت کو اسلام و پاکستان کی مخالف تحریکوں کے مقابلے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

خطرہ ہوتا ہے کہ ایسے اتحاد اور ایسی تحریکوں کا مزاج منفیت پسندانہ بن جائے یا ردِ عملی اور رجوابی۔

پھر بھی یہ بات مبارک ہے کہ اس بحرانی دور میں کسی بھی وقت محبانِ اسلام و پاکستان کا اتحاد قائم ہو، وسیع ہو، مضبوط ہو اور عوام کی اکثریت کو اپنے گرد سمیٹ لے اور انہیں مایوسی اور انتشار اور اضطراب سے بچائے۔ اس کے لیے جگہ خالی پڑی ہے۔

بس شرط یہی ہے کہ اتحاد کے مزاج کو ردِ عملی منفیت سے شروع سے ہی محفوظ رکھا جائے۔

---

آخری بات یہ کہ اتحاد ہو جانے پر بلکہ اتحاد کی بات چھیڑنے ہی پر مخالفانہ بیان بازی نہیں ہونی چاہیے۔ اور تمام امور اور اقدامات باہمی مشوروں سے ہونے چاہئیں۔

---

## احتیاط

ترجمان القرآن میں ضرورت استدلال کے لیے آیات و احادیث شائع ہوتی رہتی ہیں۔ قارئین سے گذارش ہے کہ جن اوراق پر آیات و احادیث ہوں۔ ان کا خاص احترام ملحوظ رکھیں تاکہ بے ادبی نہ ہونے پائے۔ (ادارہ)